محمد عرفان جونیئر اور علی خان نے پشاور زلمی کو جوائن کرلیا

لاہور، 16مارچ 2020ء:

فاسٹ باؤلر محمد عرفان جونیئر اورآلراؤنڈر علی خان نےایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے سیمی فائنل مرحلے سے قبل پشاور زلمی کے اسکواڈ کو جوائن کرلیا ہے۔ دونوں کھلاڑیوں نے بطور متبادل کرکٹر پشاور زلمی کو جوائن کیا۔محمد عرفان جونیئر اور علی خان کا انتخاب سلور کٹیگری میں کیا گیا ہے۔

متبادل کھلاڑی کی حیثیت سے دونوں ناموں کی منظوری ایونٹ کی ٹیکنیکل کمیٹی نے دی۔ کمیٹی میں پی سی بی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر وسیم خان، بازید خان،مرینہ اقبال، سمیر کھوسہ اور ڈاکٹر سہیل سلیم شامل ہیں۔

اس سے قبل سکندر رضا اور حماد اعظم بھی پشاور زلمی کے اسکواڈ کا حصہ بن چکے ہیں۔

پشاور زلمی کی ٹیم ایونٹ کے پہلے سیمی فائنل میں ملتان سلطانز کے خلاف میدان میں اترے گی۔میچ منگل کی دوپہر 2 بجے قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلا جائے گا۔

ایونٹ کا دوسرا سیمی فائنل روایتی حریفوں کراچی کنگز اور لاہور قلندرز کے مابین شام 7 بجے شروع ہوگا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

Partners

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4